# 11-07-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆وزیراعظم نریندرمودی آج دہلی میں نیتی آیوگ کے دفتر میں ممتاز ماہرین معاشیات کے ساتھ تبادلہ خیال کررہے ہیں تاکہ مرکزی بجٹ 25-2024 سے قبل ان کی تجاویز حاصل کرسکیں۔

☆ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرما آرکا نے کہا ہے کہ ریتو بھروسہ اسکیم کے بارے میں حکومت کا فیصلہ کسانوں کی رائے پر مبنی ہوگا۔

☆ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی سے کہا ہے کہ وہ سیاسی فوائد کے لئے غیرذمہ دارانہ تبصروں سے حیدرآباد کی شبیہ کونقصان نہ پہنچائیں۔

☆مرکزی وزیرصحت جے پی نڈا نے آج عالمی یوم آبادی کے موقع پر خاندانی منصوبہ بندی کیلئے سوگم ماڈل کی نقاب کشائی انجام دی۔

☆☆☆☆☆

دنیا بھر میں آج یوم عالمی آبادی منایا جارہا ہے۔ ہر سال گیارہ جولائی کو یہ دن منایا جاتا ہے اوراس موقع پر بڑھتی ہوئی آبادی سے پیدا ہونے والے چیلنجوں اور مواقع پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے۔ آبادی سے متعلق تشویش کو دور کرنے اور پائیدار مستقبل کی سمت اقدامات کیلئے یہ دن یاددہانی کے طور پر منایا جاتا ہے۔ مرکزی وزیرصحت جگت پرکاش نڈا نے آج دہلی میں عالمی یوم آبادی کے موقع پر خاندانی منصوبہ بندی کیلئے سوگم ماڈل کا افتتاح کیا۔ سوگم ماڈل ماں اور بچہ کی بہتری کی خاطر حمل کیلئے صحت مندانہ وقت کے تعین اور دو بچوں کے درمیان وقت کے فاصلہ کو یقینی بنانے کیلئے تیار کیا گیا ہے۔ مختلف ریاستوں کے محکمہ صحت وخاندانی بہبود کے ساتھ ایک ویڈیو کانفرنس کے دوران نڈا نے کہا کہ آج کا دن ملک میں خاندانی منصوبہ بندی کے ماضی، حال اور مستقبل کے جائزہ کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگلی حکمت عملیاں نیشنل فیملی ہیلتھ سروے کے اعداد وشمار کے ساتھ روبہ عمل لائی جانی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ان ریاستوں پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے جہاں شرح آبادی زیادہ ہے۔ وزیرصحت نے خاندانی منصوبہ بندی کیلئے تشہیری اور تعلیمی مواد کی رسم اجراء انجام دی۔

☆☆☆☆☆

سپریم کورٹ نے نیٹ انڈر گریجویٹ 2024 کیس کی سماعت اس مہینہ کی 18 تاریخ تک ملتوی کردی ہے۔ چیف جسٹس آف انڈیا ڈی وائی چندراچوڑ کی زیرقیادت بنچ نے اس مقدمہ کی سماعت ملتوی کردی تاکہ فریقین مرکز اوراین ٹی اے کی جانب سے پیش کئے گئے حلف ناموں کے جواب عدالت کے سامنے رکھ سکیں۔ نیٹ یوجی 2024 میڈیکل انٹرنس امتحان کے سلسلہ میں آج سپریم کورٹ کئی عرضیوں کی سماعت کرنے والی تھی۔ ان میں سے بعض عرضیوں میں یہ الزام لگایا گیا کہ پانچ مئی کو ٹسٹ کے دوران مبینہ طور پر بے قاعدگیاں ہوئیں۔ ان عرضیوں میں امتحان کو دوبارہ منعقد کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔ کل داخل کئے گئے اضافی حلف نامہ میں مرکز نے کہا کہ سپریم کورٹ کے احکام کے مطابق مرکزی وزارت تعلیم نے آئی آئی ٹی مدراس سے درخواست کی ہے کہ وہ نیٹ یوجی 2024 کے طلبہ کے نتائج سے متعلق اعداد وشمار کا جامع طور پر جائزہ لیں۔ اس دوران طلبہ کے ایک گروپ نے نیٹ یوجی امتحان کے سلسلہ میں آج مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان سے ملاقات کی۔ طلبہ نے امتحان کے بارے میں اپنے تجربات اورانہیں درپیش مسائل سے مرکزی وزیر کو واقف کروایا۔

☆☆☆☆☆

فون ٹیاپنگ معاملہ کے اصل ملزم اوراسٹیٹ اسپیشل انٹلی جنس برانچ کے سابق سربراہ ٹی پربھاکرراؤ نے ان کے خلاف لگائے گئے الزامات کی تردید کی ہے۔ وظیفہ یاب انسپکٹر جنرل آف پولیس نے جواس وقت امریکہ میں ہے تحقیقاتی عہدیدار کو ایک مکتوب روانہ کرتے ہوئے بتایا کہ خرابی صحت کی وجہ سے انہیں امریکہ سے بھارت واپسی کا پروگرام ملتوی کرنا پڑا۔ انہوں نے تیقن دیا کہ جیسے ہی ان کی صحت بہتر ہوگی وہ بھارت واپسی پر تحقیقات میں پورا تعاون کریں گے اور شخصی طور پر تمام سوالات کا جواب دیں گے۔ سابق آئی پی ایس عہدیدار نے اپنے مکتوب میں تحقیقاتی عہدیدار سے درخواست کی کہ وہ قانون کے مطابق منصفانہ تحقیقات کریں۔ انہوں نے تحقیقاتی عہدیدار کو بتایا کہ انہیں کینسر کے علاوہ ذہنی دباؤ کی وجہ سے ہائی بی پی بھی ہوگیا ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی آج دہلی میں نیتی آیوگ کے دفتر میں ممتاز ماہرین معاشیات کے ساتھ تبادلہ خیال کررہے ہیں تاکہ مرکزی بجٹ 25-2024 سے قبل ان کی تجاویز حاصل کرسکیں۔ وزیرفینانس نرملا سیتارامن نیتی آیوگ کے نائب صدرنشین سمن بیری، وزیراعظم کے پرنسپل سکریٹری پی کے مشرا اور ممتاز ماہرین معاشیات اور ماہرین اس اجلاس میں شرکت کررہے ہیں۔ پارلیمنٹ کا بجٹ سیشن اس ماہ کی 22 تاریخ کو شروع ہورہا ہے۔ مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارامن 23 تاریخ کو لوک سبھا میں سال 25-2024 کا مرکزی بجٹ پیش کریں گی۔ تیسری معیاد میں نریندر مودی حکومت کا یہ پہلا بجٹ ہوگا۔

☆☆☆☆☆

رعیتو بھروسہ اسکیم کے بارے میں عوام کی رائے جاننے کیلئے آج عادل آباد ضلع کے اوٹنور میں ایک پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس پروگرام کے کابینی سکریٹری نے رعیتو بھروسہ اسکیم کے رہنمایانہ خطوط مرتب کرنے کیلئے عوام سے رائے حاصل کی۔ ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرما آرکا نے کہا کہ ہر شخص کی رائے جاننے کیلئے رعیتو بھروسہ میٹنگ منعقد کی جارہی ہے اور حکومت کسانوں کی رائے کی بنیاد پر فیصلہ کرے گی۔ وزیر مال پی سرینواس ریڈی نے کسی بھی اسکیم کے نفاذ سے قبل عوام کے ساتھ مشاورت کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان تجاویز پر اسمبلی میں مباحث ہوں گے اور اس کے بعد ہی قطعی فیصلہ کیا جائے گا۔ اس پروگرام کے دوران وزیر زراعت تو ملا ناگیشور راؤ نے تو مڑی ہٹی پر پرانہیتا چیوڑلہ پراجکٹ تعمیر کرنے کے منصوبہ کا اعلان کیا اور کہا کہ حکومت چھوٹے کسانوں کیلئے اسکیمیں تیار کررہی ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاست میں گزشتہ دو مہینوں کے دوران فوڈ سیفٹی محکمہ نے 387 ہاسٹلس کا معائنہ کیا اور قوانین کی خلاف ورزی پر نوٹسیں جاری کیں۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے فوڈ سیفٹی آن وہیلس گاڑیوں کے ساتھ ریاست بھر میں خانگی اور سرکاری ہاسٹلس کا معائنہ کیا۔ چونکہ بیشتر ہاسٹلس ایف ایس ایس اے آئی لائسنس کے رجسٹریشن کے بغیر چلائے جارہے ہیں فوڈ سیفٹی محکمہ نے ان کے مالکین کو ہدایت دی کہ وہ لائسنس حاصل کریں اور ایف ایس ایس اے آئی کے قواعد وضوابط کی پابندی کریں۔ محکمہ نے بتایا کہ ہاسٹلس چلانے والوں کو غذا کی تیاری اور اس کی ذخیرہ اندوزی میں درکار طریقہ کار سے واقف کرایا گیا۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی سے کہا ہے کہ وہ سیاسی فوائد کے لئے غیر ذمہ دارانہ تبصروں سے حیدرآباد کی شبیہ کو نقصان نہ پہنچائیں۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد میں ناقص بنیادی سہولتوں کی وجہ کشن ریڈی کی دوست جماعت بھارت راشٹرا سمیتی ہے۔ ریاستی وزیر حیدرآباد کے انفراسٹرکچر کے بارے میں مرکزی وزیر کی تنقید کا جواب دے رہے تھے۔ گاندھی بھون میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ کشن ریڈی گزشتہ پانچ سال سے پارلیمنٹ کے رکن کی حیثیت سے حیدرآباد کی نمائندگی کرنے کے باوجود شہر کی امیج کو نقصان پہنچانے کے مشن پر ہیں۔ پونم پربھاکر نے کشن ریڈی سے سوال کیا کہ انہوں نے گزشتہ پانچ سال کے دوران مرکزی وزیر کی حیثیت سے حیدرآباد کے لئے کیا کام کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد تاریخی ورثہ اور سیاحت کیلئے جانا جاتا ہے لیکن کشن ریڈی نے مرکزی وزیر ہونے کے باوجود شہر کے لئے کوئی پراجکٹ نہیں دیا۔ پونم پربھاکر نے مرکزی وزیر پر الزام لگایا کہ وہ مرکز سے حیدرآباد کیلئے اسمارٹ سٹی پراجکٹ حاصل کرنے میں ناکام رہے۔ انہوں نے کہا کہ رکن پارلیمنٹ یا مرکزی وزیر کی حیثیت سے حیدرآباد کو کشن ریڈی نے ایک بھی پراجکٹ نہیں دیا۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر اور سرسلہ کے ایم ایل اے کے ٹی راما راؤ نے مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے پر زور دیا کہ وہ سرسلہ میں میگا پاور لوم کلسٹر کے قیام کیلئے کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ مرکز میں بی جے پی کی زیر قیادت حکومت برسراقتدار ہے اس لئے سنجے کمار کو چاہئے کہ وہ وزیراعظم نریندر مودی کو آمادہ کرتے ہوئے اس پراجکٹ کی منظوری کی ذمہ داری لیں۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر نے بنڈی سنجے کے نام ایک مکتوب میں کہا کہ گزشتہ دس سال کے دوران انہوں نے سرسلہ کیلئے پاور لوم کلسٹر حاصل کرنے کیلئے کئی کوششیں کیں۔ انہوں نے کئی مرتبہ مرکزی وزراء سمرتی ایرانی اور ارون جیٹلی سے ملاقات کی لیکن ان کی کوششوں کے نتائج برآمد نہیں ہوئے۔

مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی کشن ریڈی نے آج بی جے پی کے حیدرآباد سٹی آفس میں ایک پودہ لگایا۔انہوں نے ایک پیڑ ماں کے نام کی وزیراعظم نریندر مودی کی اپیل پر یہ پودہ لگایا۔کشن ریڈی نے عوام، مشہور شخصیات،صنعتکاروں اور ممتاز شہریوں سے اپیل کی کہ وہ پودے لگائیں اور بچوں کی طرح ان کی دیکھ بھال کریں۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ سائبر سکیورٹی بیورو نے متنازعہ یوٹیوبر پرانیت ہنمنتو کو بنگلور میں گرفتار کرلیا ہے۔پولیس کے ذرائع نے بتایا کہ ہنمنتو نے ایک پروگرام کے دوران ایک باپ اور بیٹی کے ویڈیو کے بارے میں تبصرہ کرتے ہوئے بچوں کے تعلق سے قابل اعتراض ریمارکس کئے تھے۔یوٹیوبر کو مزید تحقیقات کیلئے پی ٹی وارنٹ پر حیدرآباد منتقل کیا گیا ہے۔ہنمنتو ایک اداکار بھی ہیں اور وہ اہم شخصیتوں کے انٹرویوز بھی لیتا ہے۔اس نے یوٹیوب ویڈیو میں باپ اور بیٹی کے درمیان رشتہ پر قابل مذمت ریمارکس کئے تھے۔ایک ویڈیو کے ذریعہ اس نے اپنے ریمارکس کئے معافی مانگی لیکن عوام نے اس کے ریمارکس پر شدید برہمی کا اظہار کیا جس کے نتیجہ میں تلنگانہ پولیس نے اس کے خلاف ایف آئی آر درج کیا۔پولیس نے اسے ناملی میں میٹروپولیٹن مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا جس نے اسے چودہ دن کیلئے عدالتی تحویل میں بھیج دیا۔

☆☆☆☆☆